# Rampur State Gazette.

## {EXTRAORDINARY.}

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور


| جلد ۴۳ | بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم | نمبر ۹ |
|---|---|---|

مطبوعہ روز چہارشنبہ بتاریخ ۲۹ رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۸ فروری ۱۹۳۱ء




### روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۸ فروری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

صاحب ہوم منسٹر بہادر کی موجودہ تنخواہ مین دوسو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ آیندہ سے ان کو آٹھ سو روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل غیر معمولی گزٹ مین آج ہی شائع کیجائے۔

* 

حسب منشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ غیر معمولی ہو۔ ۱۸ فروری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

### روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۸ فروری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بنظر مناسبت مصالح انتظامی۔

حکم ہوا کہ

آیندہ سے صیغہ آبکاری بجائے صاحب فائنس منسٹر بہادر کے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے سپرد کیا جائے۔ روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل غیر معمولی گزٹ مین آج ہی شائع کیجائے۔

*

بنشائے حکم ہو گزشتہ صدر سے یہ احکام ضابطہ جاری ہون ۔ اور درج گزٹ غیر معمولی ہو ۔ ۱۸ فروری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکم واقع ۱۸ فروری ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکم

مابدولت واقبال کو منظور ہے کہ ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ کا انتظام جدید طریق پر کیا جائے تاکہ کام مین سہولت ہو ۔ لہذا حسب ذیل انتظام منظور فرمایا جاتا ہے ۔

(۱) تمام ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ کیواسطے ایک منسٹر مقرر کیا جائے ۔ جو ہاؤس ہولڈ منسٹر کے نام سے موسوم ہوگا ۔ اور اس کو اپنے ماتحت صیغہ جات مین وہی اختیارات حاصل رہین گے جو دیگر منسٹرز کو حاصل ہین ۔ اس عہدہ کے لئے مابدولت واقبال مسٹر سید بشیر حسین زیدی کو مقرر فرماتے ہین ۔ اور اون کو آیندہ سے آٹھ سو روپیہ ماہانہ مشاہرہ ملیگا ۔ اور اون کے پرسنل اسسٹنٹ میان عطاء الرحمن رہین گے جو ہوم ڈپارٹمنٹ سے تبدیل ہون ۔ حسب ذیل خدمات براہ راست صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے تفویض کیجاتی ہین ۔

۱ - خط وکتابت انگریزی متعلق ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ ۔
۲ - جس قدر آرڈرس باہر سوداگران کو دئے جائین ۔
۳ - بل یعنی حسابات سوداگران ۔
۴ - بجٹ ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ ۔
۵ - دیگر محکمہ جات ریاست سے خط وکتابت یعنی اون کے ماتحت سکرٹریز ودیگر افسران جو خط وکتابت دیگر محکمہ جات ریاست سے کرینگے وہ بتوسط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کرینگے ۔
۶ - فیس ڈاکٹران ۔
۷ - انعام وعنایات ۔
۸ - کورٹ آف وارڈس ۔
۹ - اسلحہ خانہ خاص ۔
۱۰ - انتظام دربار ۔
۱۱ - کمیٹی جانچ صیغہ جات ہاؤس ہولڈ ۔

۲ - (الف) صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے ماتحت صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر صاحب ہاؤس ہولڈ سکرٹری بہادر سردار صاحب بہادر ڈیوڑہی صاحب ملٹری سکرٹری بہادر اور کنٹرولر ہاؤس ہولڈ رہیں گے ۔

(ب) ہاؤس ہولڈ سکرٹری کا صرف عہدہ اس وقت قایم کیا گیا ہے ۔ ابھی بندوبست اقبال نے پہلے نہین فرمایا کہ اس عہدہ پر کس کو مامور کیا جائیگا ۔ جو صیغہ جات متعلقہ ہاؤس ہولڈ سکرٹری بہادر کے تفویض کئے جائین گے وہ فی الحال صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر سے براہ راست متعلق رہین گے بعنوان ذیل صیغہ جات متعلقہ ہاؤس ہولڈ سکرٹری بہادر کے تفویض کئے جاتے ہین ۔ موٹر خانہ ۔ باغات ۔ کرنخیات ۔ ارکسٹرا ۔ صیغہ آب رسانی اور شکار ماہی گاہ خاص اصطبل جو کرنیل محمد علیخان بہادر کے پاس ہین وہ بدستور اونکے پاس رہین گے ۔ مگر صاحب ہاؤس ہولڈ سکرٹری بہادر کی ماتحتی مین کرنیل محمد علیخان بہادر کام کرینگے

(ج) سردار ڈیوڑہی حافظ احمد علی خان ہین وہ بدستور رہین گے ۔ حسب ذیل صیغہ جات اون کے تفویض کئے جاتے ہین ۔

ڈیوڑہیات ۔ مصرف خیر ۔ اوقاف ۔ کتب خانہ ۔ یتیم خانہ ۔ محتاج خانہ ۔ مرمت مساجد اور دفتر صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ یعنی میجر عبد الحمید کنٹرولر ہر ہائنس ہاؤس ہولڈ سردار صاحب بہادر ڈیوڑہی کے ماتحت رہین گے ۔

(د) کپتان صاحبزادہ سید واجد علیخان بہادر کا قصور معاف کیا گیا ۔ وہ پرائیوٹ سکرٹری بہادر کے عہدہ پر بحال کئے جاتے ہین ۔ فوجی رینک اون کا بدستور رہیگا ۔ آیندہ سے اون کو چھ سو روپیہ ماہوار مشاہرہ علاوہ اون کی تنخواہ خاندانی کے ملیگا ۔ حسب ذیل صیغہ جات صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کے تفویض کئے جاتے ہین اور آیندہ سے صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ اون کے ماتحت نہین رہینگے بلکہ کنٹرولر کا تعلق براہ راست صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر سے رہیگا ۔

وارڈروب یعنی پوشاک خاص ۔ اسٹورس ۔ توشہ خانہ ۔ جواہر خانہ ۔ عطر خانہ ۔ مہمانان کے قیام وسواری کا انتظام ۔ رائیبر ہوٹل ۔

(ہ) کنٹرولر ہاؤس ہولڈ کے عہدہ پر کپتان واجد علی خان مقرر ہین وہ بدستور رہینگے فوجی رینک قایم رہیگا ۔ نیز اسسٹنٹ کنٹرولر کا عہدہ برقرار رہیگا اور کنٹرولر ہاؤس ہولڈ کا ماتحت رہیگا ۔

حسب ذیل صیغہ جات کنٹرولر ہاؤس ہولڈ کے تفویض کئے جاتے ہین ۔
باورچیخانجات ہندوستانی وانگریزی خاص وعام ۔ فراش خانہ ۔ کنول خانہ ۔ گاؤ میش خانہ آبدار خانہ ۔ بھنڈی خانہ خاص وعام ۔ بانذان خانہ خاص وعام ۔ ڈالی خانہ ۔ شاگرد پیشہ ۔ پالکی خانہ ۔

(و) ملٹری سکرٹری کے عہدہ پر کرنیل صاحبزادہ سید حسن رضا خان بہادر مقرر ہین وہ بدستور رہینگے ۔

حسب ذیل صیغہ جات اونکے تفویض کئے جاتے ہین اور ایڈی ۔ کیز اونکے ماتحت رہینگے ۔
فیل خانہ ۔ ارباب نشاط ۔ شکار ۔ نقارخانہ ۔ گھڑیالیان ۔ عیدین ۔ سیلون ۔ انتظام سفر ریل دیکھ بھال نقل وحرکت مابدولت واقبال ۔ تقاریب مراسم وانتظام تنکوئنٹس وگارڈن پارٹی وغیرہ تعین اوقات باریابی مابدولت واقبال ۔

(۳) ان افسران کے عملہ وغیرہ کا تعین صاحب چیف منسٹر بہادر تجویز کرکے فوراً رپورٹ پیش کرین تاکہ اونکے احکام جاری ہون اور کام مین طوالت نہ ہو ۔

(۴) تقاریب ریاست ہاے غیر کا تعلق آیندہ دارالانشا سے رہیگا -

(۵) دعلوہ آیندہ سے صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس رہیگی -

(۶) صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر جس مکان مین مقیم ہین بدستور اوس مین رہینگے اور صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر جس مکان مین پہلے تھے اور اوسکو خالی کرکے چلے گئے تھے اوسمین پھر واپس آسکتے ہین -

(۷) صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر موٹرخانہ سے اپنی سواری کے لئے موٹر لے سکتے ہین -

(۸) چونکہ مسٹر سید بشیر حسین زیدی ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر جوڈیشل ڈپارٹمنٹ سے عارضی طور پر بلا لئے گئے تھے اب ما بدولت واقبال نے اونکو ہاؤس ہولڈ منسٹر مقرر فرما دیا لہذا جوڈیشل ڈپارٹمنٹ مین حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے -

(الف) مسٹر معین الدین انصاری کو مستقل جج ہائیکورٹ مقرر کیا گیا آیندہ پانسو پچاس روپیہ ماہانہ مشاہرہ ملیگا -

(ب) محمود شاہ خان کو مستقل سشن جج مقرر کیا جاتا ہے آیندہ چارسو روپیہ ماہانہ تنخواہ ملیگی -

(ج) چودھری اشرف الزمان کو سب جج سے چیف مجسٹریٹ مقرر کیا جاتا ہے آیندہ چار سو روپیہ ماہانہ تنخواہ ملیگی -

(د) سب جج کے عہدہ کے متعلق صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر ایک آدمی تجویز کرکے جلد رپورٹ پیش کرین اس عہدہ کی تنخواہ تین سو روپیہ ماہانہ ہوگی -

(۹) منشی امجد علی خان اسپشل مجسٹریٹی پر واپس جاتے ہین چونکہ منشی امجد علی خان کی خدمات ما بدولت واقبال کو پسندیدہ ہین لہذا اونکی موجودہ تنخواہ مین پچاس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے اور اونکو درجہ اول مجسٹریٹی کے اختیارات عطا کئے جاتے ہین

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے فوراً احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر جاری کرادین اور آج ہی بذریعہ گزٹ غیر معمولی یہ روبکار شائع کیا جائے -

———+———

حسب منشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ غیر معمولی ہو ۱۸ر فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ر فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

میان عطاء الرحمن صاحب پرسنل اسسٹنٹ صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر کی تنخواہ مین ما بدولت واقبال کو اضافہ دیا جانا منظور ہے - لہذا اون کو آیندہ سے تین سو پچاس روپیہ ماہانہ علاوہ پچیس روپیہ ماہانہ کرایہ مکان ملا کرین -

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنا بر تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

———+———

بمنشاے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو -

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ر فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بسلسلہ روبکار مجریہ تاریخ امروزہ منظور کیا جاتا ہے کہ صیغہ مد معاحبان صاحب ملٹری سکرٹری بہادر کے ماتحت صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر متعلق رہیگا -

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا براے تعمیل معروضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو - ایک نقل اسکی آج ہی غیر معمولی گزٹ مین شائع کیجائے -

———+———

بمنشاے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - اور ایک نقل آج ہی غیر معمولی گزٹ مین شائع کیجائے - ۱۸ر فروری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ر فروری سنہ ۱۹۳۱ء

بسلسلہ روبکار مجریہ تاریخ امروزہ منظور کیا جاتا ہے کہ کارخانہ موودیخانہ جو صاحب فائنس منسٹر بہادر کے تفویض ہے آیندہ سے بجاے انکے صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے تفویض کیا جائے -

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا براے تعمیل معروضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

+

بمنشاے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - ایک نقل براے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے -

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر